ہمسفر میرج کونسلنگ سیل

# HUMSAFAR

## MARRIAGE COUNSELLING CELL

## MEDIA REFLECTIONS

## MARCH-2013

**Prepared By**
**Jenab Eishan Ahmad Dar**
**Media Consultant**
**Humsafar Marriage Counselling Cell**

**AFTAB 01 MARCH 2013**

# ڈائریکٹر اسلامک دعوت سینٹر، چیرمین ہمسفر میرج کونسلنگ سیل اور

## ناظم اعلیٰ دار العلوم محمدیہ حضرت محترم مولانا فیاض احمد زرو صاحب دامت فیوضہم کو صدمہ

ڈائریکٹر اسلامک دعوت سینٹر سرینگر، چیرمین ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کاک سرائے و ناظم اعلیٰ دار العلوم محمدیہ باغ سندر بالا چھتہ بل سرینگر حضرت محترم مولانا فیاض احمد زرو صاحب دامت فیوضہم اطال اللہ بقاہ کی صاحب زادی محترمہ رقیہ جان صاحبہ نے مورخہ ۱۷ ربیع الثانی ۱۴۳۴ھ مطابق 28 فروری 2013ء کی صبح تقریباً 1:30 AM بجے جی بی پنتھ ہسپتال واقع سونہ وار میں انتقال فرمایا (انا للہ وانا الیہ راجعون) مرحومہ محترمہ رقیہ جان صاحبہ چند دنوں پہلے ہی پیدا ہوئی تھی اور یہ حضرت کی تیسری صاحب زادی تھی۔ ان کے انتقال کی خبر ملتے ہی تینوں اداروں سے وابستہ انتظامیہ نے حضرت محترم فیاض احمد زرو صاحب دامت برکاتہم کے دولت خانہ پر حاضری دے کر اُن کو تعزیت پیش کی۔ مرحومہ کا نماز جنازہ اُن کے چچا جان کے صحن میں پڑھا گیا جس میں اہل محلہ کے ساتھ ساتھ ادارہ کے سبھی ساتھیوں نے شرکت کی۔ نماز جنازہ حضرت مولانا فیاض احمد زرو صاحب دامت برکاتہم نے خود پڑھائی۔ بعد ازاں محترمہ کو ان کے آبائی مقبرہ واقع ملہ کھاہ نوہٹہ میں اپنی دادی جان کے جوار میں دفن کیا گیا۔ واپسی پر جملہ حاضرین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کے درجات بلند فرمائے، لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے، اس معصوم بچی کو حضرت سیدنا ابراہیم علیہ السلام کی کفالت میں دے اور پسماندگان کے لئے ذخیرۂ آخرت اور شفاعت کا ذریعہ بنائے۔ آمین

جاری کردہ: جنرل سیکریٹری

اسلامک دعوت سینٹر، ہمسفر میرج کونسلنگ سیل اور دار العلوم محمدیہ

9596529820,9419084962,9906402596

Aftab (01/March/2013)

**KASHMIR UZMA 01 MARCH 2013**

# مولانا فیاض احمد زرو کو صدمہ

سرینگر//ڈائریکٹر اسلامک دعوت سنٹر سرینگر، چیرمین ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کاک سرائے وناظم اعلیٰ دارالعلوم محمدیہ باغ سندر بالا چھتہ بل سرینگر مولانا فیاض احمد زرو کی دختر رقیہ جان 28 فروری 2013 کی صبح جی بی پنتھ اسپتال سونہ وار میں انتقال کرگئی جو چند روز پہلے پیدا ہوئی تھی۔ ان کے انتقال کی خبر ملتے ہی تینوں اداروں سے وابستہ انتظامیہ نے فیاض احمد زرو کے ساتھ تعزیت پرسی کی۔ مرحومہ کی نماز جنازہ کی پیشوائی مولانا فیاض احمد زرو نے خود پڑھائی۔ مرحومہ کو ان کے آبائی مقبرہ واقع ملہ کھاہ نوہٹہ میں سپرد خاک کیا گیا۔

# SRINAGAR TIMES 01 MARCH 2013

سرینگر ٹائمز

(01/March/2013)

## ڈائریکٹر اسلامک دعوت سینٹر مولانا فیاض احمد زرو کی بچی کا انتقال

### مرحومہ کے نماز جنازہ میں ادارہ کے ساتھیوں نے حصہ لیا، پسماندگان سے تعزیت

سرینگر/جنرل سیکریٹری کے بیان کے مطابق ڈائریکٹر اسلامک دعوت سینٹر سرینگر، چیرمین ہمسفر میریج کونسلنگ سیل کاک سرائے وناظم اعلیٰ دارالعلوم محمدیہ باغ سندر بالا چھتہ بل سرینگر محترم مولانا فیاض احمد زرو دامت برکاتہم کی صاحب زادی محترمہ رقیہ جان نے مؤرخہ ۱۷ ربیع الثانی ۱۴۳۴ھ مطابق 28 فروری 2013ء کی صبح تقریباً 1:30 AM بجے جی بی پنتھ ہسپتال واقع سونہ وار میں انتقال فرمایا۔ مرحومہ محترمہ رقیہ جان چند دنوں پہلے ہی پیدا ہوئی تھی اور یہ مولانا صاحب کی تیسری صاحب زادی تھی۔ ان کے انتقال کی خبر ملتے ہی تینوں اداروں سے وابستہ انتظامیہ نے محترم فیاض احمد زرو دامت برکاتہم کے دولت خانہ پر حاضری دے کر اُن کو تعزیت پیش کی۔ مرحومہ کا نماز جنازہ اُن کے چچا جان کے صحن میں پڑھا گیا جس میں اہل محلّہ کے ساتھ ساتھ ادارہ کے سبھی ساتھیوں نے شرکت کی۔ نماز جنازہ مولانا فیاض احمد زرو دامت برکاتہم نے خود پڑھائی۔ بعد ازاں محترمہ کو ان کے آبائی مقبرہ واقع ملہ کھاہ نوہٹہ میں اپنی دادی جان کے جوار میں دفن کیا گیا۔ مرحومہ کو دفنانے کے بعد جملہ حاضرین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کے درجات بلند فرمائے، لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے، اس معصوم بچی کو حضرت سیدنا ابراہیم علیہ السلام کی کفالت میں دے اور پسماندگان کے لئے ذخیرۂ آخرت اور شفاعت کا ذریعہ بنائے۔ فون کے ذریعہ تعزیت کرنے والوں سے ان نمبرات پر رابطہ کرنے کی استدعا کی گئی۔

9596529820,9419084962

**GREATER KASHMIR 01 MARCH 2013**

# ڈائریکٹر اسلامک دعوت سینٹر،
# چیرمین ہمسفر میرتج کونسلنگ سیل اور

## ناظم اعلیٰ دارالعلوم محمدیہ حضرت محترم مولانا فیاض احمد زرو صاحب دامت فیوضہم کو صدمہ

ڈائریکٹر اسلامک دعوت سینٹر سرینگر، چیرمین ہمسفر میرتج کونسلنگ سیل کاک سرائے و ناظم اعلیٰ دارالعلوم محمدیہ باغ سندر بالا چھتہ بل سرینگر حضرت محترم مولانا فیاض احمد زرو صاحب دامت فیوضہم اطال اللہ بقاہ کی صاحب زادی محترمہ رقیّہ جان صاحبہ نے مورخہ ۱۷ ربیع الثانی ۱۴۳۴ھ مطابق 28 فروری 2013ء کی صبح تقریباً 1:30 AM بجے جی بی پنتھ ہسپتال واقع سونہ وار میں انتقال فرمایا (اناللہ وانا الیہ راجعون) مرحومہ محترمہ رقیّہ جان صاحبہ چند دنوں پہلے ہی پیدا ہوئی تھی اور یہ حضرت کی تیسری صاحب زادی تھی۔ ان کے انتقال کی خبر ملتے ہی تینوں اداروں سے وابستہ انتظامیہ نے حضرت محترم فیاض احمد زرو صاحب دامت برکاتہم کے دولت خانہ پر حاضری دے کر اُن کو تعزیت پیش کی۔ مرحومہ کا نماز جنازہ اُن کے چچا جان کے صحن میں پڑھا گیا جس میں اہل محلّہ کے ساتھ ساتھ ادارہ کے سبھی ساتھیوں نے شرکت کی۔ نماز جنازہ حضرت مولانا فیاض احمد زرو صاحب دامت برکاتہم نے خود پڑھائی۔ بعدازاں محترمہ کو ان کے آبائی مقبرہ واقع ملہ کھاہ نوہٹہ میں اپنی دادی جان کے جوار میں دفن کیا گیا۔ واپسی پر جملہ حاضرین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کے درجات بلند فرمائے، لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے، اس معصوم بچی کو حضرت سیدنا ابراہیم علیہ السلام کی کفالت میں دے اور پسماندگان کے لئے ذخیرۂ آخرت اور شفاعت کا ذریعہ بنائے۔ آمین

**جاری کردہ: جنرل سیکریٹری**

**اسلامک دعوت سینٹر، ہمسفر میرتج کونسلنگ سیل اور دارالعلوم محمدیہ**

9596529820,9419084962,9906402596

تاریخ اجراء 28-02-2013

Greater Kashmir (01/March/2013)

**GREATER KASHMIR 02 MARCH 2013**

# CONDOLENCE MESSAGE

Our heartfelt condolences to Jinab Fayaz Ahmad Zaroo Sahib (of Islamic Dawah Center & Humsafar Marriage Counselling Center Srinagar) & family on the sad demise of his 23 days old daughter, Ruqayah Jan, who breathed her last in the wee hours of Thursday.

*Inna Lillahi Wa-Inna-illahi Rajaoun*

May Allah SWT afford fortitude to the bereaved family to bear the loss. GK (02/march/2013)

***From: Brothers in Islam, Well-wishers & friends***

**GREATER KASHMIR 03 MARCH 2013**

Greater Kashmir (03/March/2013)

# اظہارِ تعزیت

محترم چیئرمین صاحب ہمسفر میرج کونسلنگ سیل، ڈائریکٹر اسلامک دعوت سینٹر اور ناظم اعلیٰ دارالعلوم محمدیہ حضرت مولانا فیاض احمد زرو صاحب دامت برکاتہم کی صاحب زادی محترمہ رقیہ جان کے انتقال پُر ملال پر انتظامیہ کمیٹی مسجد غوثیہ بمنہ سرینگر اظہارِ تعزیت کرتی ہے اور انتظامیہ کمیٹی حضرت کے غم میں برابر کے شریک ہیں اور اللہ تعالیٰ سے دست بدعا ہے کہ مرحومہ کے درجات بلند فرمائے، لواحقین کو صبرِ جمیل عطا فرمائے اور پسماندگان کیلئے ذخیرہ آخریت اور نجات کا ذریعہ بنائے۔ (آمین)

**از طرف: جنرل سیکریٹری**

انتظامیہ کمیٹی مسجد شریف غوثیہ

غوثیہ کالونی بمنہ سرینگر

**GREATER KASHMIR 07 MARCH 2013**

# Humsafar Radio Broadcast

## A RICH SOURCE OF INSPIRATION FOR EARNING HALAL LIVELIHOOD

The latest episode of the most popular-cum-reformative radio program: ***Humsafar***, that was broadcast on the First March 2013 Friday on Radio Kashmir Srinagar at 8:30 A.M. inspired the listeners very much, especially the husbands to earn a Halal livelihood while loathing us to accumulate wealth in illegal ways. Thanks a lot to the esteemed speaker of this radio program, Honourable Fayyaz Ahmad Zarroo Sahib, for their kind and thought-provoking counselling on Radio Kashmir Srinagar. And many thanks to the respected director & producer of Humsafar Radio Broadcast, Mr. Saleem Aijaz Kapra Sahib, for such an advantageous production.

Greater Kashmir
7/March/2013

*From:* **Farhana Farooq**
**Karan-Nagar Srinagar**
**Email: www.sheikhfarhanfarooq@gmail.com**

**GREATER KASHMIR 07 MARCH 2013**

## حلال روزگار کمانے کی شاندار وضاحت بیان ہوئی

# ہمسفر ریڈیو پروگرام کا یہ شمارہ دوبارہ نشر کیا جائے

مارچ 2013ء کی پہلی تاریخ کو ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کاک سرائے سرینگر کے مقبول عام ریڈیو پروگرام ہمسفر کا جو تازہ شمارہ صبح کے 8:30 بجے ریڈیو کشمیر سرینگر سے نشر کیا گیا۔ جس میں پروگرام کے روح رواں محترم فیاض احمد زرو صاحب نے حلال روزگار کمانے کی شاندار، اصلاحی اور بہت ہی مفید وضاحت بیان فرمائی، اس شمارے کو ہم اور ہمارے کئی دوست واحباب دوبارہ سننا چاہتے ہیں۔اس لئے ریڈیو کشمیر سرینگر کے ڈائریکٹر صاحب اور جناب سلیم اعجاز کپر اصاحب سے پرزور اپیل کی جاتی ہے، کہ مستقبل قریب میں اس شمارہ کو دوبارہ نشر کریں۔وہ جناب کی عین نوازش ہوگی۔

**اپیل کنندگان:**

نثار احمد دار، بشیر احمد شاہ، عبدالرزاق ٹھاکو، اشفاق احمد خان اور دیگر دوست واحباب بتہ مالو سرینگر

(Greater Kashmir 07/march/2013)

**AFTAB 11 MARCH 2013**

# ہمسفر میریج کونسلنگ سیل کی طرف سے

# ایک مسنون اور سادہ نکاح مجلس کا انعقاد

سرینگر: اتوار 10، مارچ 2013ء کو ہمسفر میریج کونسلنگ سیل کاک سرائے کے اصلاحی پروگرام کے تحت ایک مسنون اور سادہ نکاح مجلس کا انعقاد اسلامک دعوت سینٹر باغ سندر بالا چھتہ بل میں ہوا۔ نکاح مجلس کی شروعات دن کے گیارہ بجے ہوئی۔ مجلس میں ادارہ کے ڈائریکٹر جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب نے خطبۂ نکاح پڑھا اور اس کے ساتھ ہی انہوں نے سرینگر شہر کے جناب محمد صدیق صاحب اور محترمہ فاطمہ صاحبہ کے درمیان شرعی گواہوں کی موجودگی میں ایجاب وقبول کرادیا۔ اس کے بعد دعا ہوئی۔ حاضرین مجلس میں کھجوریں تقسیم ہوئی، اور سب کی خاطر تواضع چائے کی ایک پیالی سے کی گئی۔ اس نکاح کا مہر دس درہم مساوی اکتیس (31) گرام چاندی کی قیمت اکیس سو روپے (2100-00) مقرر ہوئی۔ جس میں سے ناکح نے گیارہ سو روپے بطور مہر معجّل نکاح مجلس میں ہی اپنی منکوحہ کو ادا کر دئے، جبکہ ایک ہزار روپے بطور مہر مؤجل ناکح کے ذمہ ادا کرنا باقی رہا۔ جس کو ناکح نے ایک مہینے کے اندر اندر اپنی منکوحہ کو ادا کرنے کا اقرار کیا۔ منکوحہ نے مہر مؤجل کے لئے ایک ماہ کی مہلت اپنے شوہر کو خوشی سے عطا کر دی۔ ادارہ کے ڈائریکٹر محترم فیاض احمد زرو صاحب نے ان کو اور ان کے خاندان والوں کو مسنون نکاح کے ساتھ سادہ شادی انجام دینے پر مبارک باد پیش کی۔ آخر پر دولہن اپنے دولہا کے ساتھ اسلامک دعوت سینٹر سے ہی سسرال رخصت ہوگئی۔

**جاری کردہ: جنرل سیکریٹری (لطیف احمد)**

**ہمسفر میریج کونسلنگ سیل کاک سرائے سرینگر**

Aftab (11/march/2013)

# GREATER KASHMIR 12 MARCH 2013

# Humsafar Radio Program

## Axes Dowry System

The latest episode of the most popular radio program, Humsafar, that was broadcast on **8th March Friday 2013 at 8:30 A.M. on Radio Kashmir Srinagar,** has relieved un-married girls and their parents of the mental agony of dowry demand as the speech of the esteemed speaker of this broadcast, Hazrat Fayaz Ahmad Zarroo Sahib, axed the dowry-oriented marriages thoroughly. A large number of girls and women across the valley have properly appreciated the anti-dowry speech delivered in Humsafar radio program and have also expressed their profound gratitude to the Moving-Spirit ***(Rooh-e-Rawaan)*** of the program, Hazrat Fayaz Ahmad Zarroo Sahib, Producer & Director of this reformative radio program, Mr. Saleem Aijaz Kapra Sahib and its anchor Mr. Rashid Nizami Sahib for rendering exemplary service to the society.

It is urged upon the Producer and Director of **Humsafar Radio Program** to repeat the said anti-dowry episode in near future again and again.

**Issued by:**

**AKHLAAQ WOMEN'S WELFARE SOCIETY (AWWS) SRINAGAR.**

COMMENTS FROM LADIES ON THE ABOVE-MENTIONED ISSUE ARE WELCOME.

**Contact us on the following Mobile No's:**

**+919018133364 & 9906442583**

Greater Kashmir,
12/march/2013

**AFTAB 14 MARCH 2013**

# مقبول عام ریڈیو پروگرام ہمسفر کو بند کیا جارہا ہے

## اس کے بدلے پرانا افسانہ (زونہ ڈب) نشر کیا جارہا ہے

یہ خبر بہت ہی زیادہ افسوس کے ساتھ دی جاتی ہے، کہ ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کاک سرائے سرینگر کا سپانسر کردہ (sponsored) ریڈیو پروگرام ہمسفر Humsafar جو ہر جمعہ کو صبح کے 8:30 بجے ریڈیو کشمیر سرینگر سے نشر کیا جاتا ہے، اس کو اگلے ماہ یعنی اپریل 2013ء سے بند کیا جارہا ہے۔ کیوں کہ ریڈیو کشمیر کو اس کی جگہ پر ایک پُرانا افسانہ (Old Age Fiction): زونہ ڈب کو چلانا ہے۔ زونہ ڈب کے پرانے افسانے کو ہفتے میں چھے دن لگاتار صبح کے ساڑھے آٹھ بجے چلانے کا شیڈول بنایا گیا ہے۔ اس بارے میں ہم ابھی اتنا ہی کہنا چاہتے ہیں۔ کہ شادی بیاہ کو سہل اور آسان بنانے کے لئے، ازدواجی زندگی کو پرسکون اور خوشگوار بنانے کے لئے، شادی بیاہ سے جہیز کا لین دین، فضول خرچی اور نام نمود کو ختم کرنے کے لئے، دختر کشی، رشوت خوری اور حرام خوری جیسے جرائم کی حوصلہ شکنی کرنے کے لئے، سماج سے بے راہ روی اور بداخلاقی کو دور کرنے کے لئے، معاشرے کے جوانوں میں حیا اور پاکدامنی کو اپنانے کی ترغیب دینے کے لئے، مظلوم خواتین کو انصاف دلانے کے لئے، والدین، ساس سسر اور بڑی عمر کے لوگوں کو احترام کرنے کی ترغیب دینے کے لئے، حاملہ عورتوں اور بچوں کے حقوق کو اجاگر کرنے کے لئے اور سماج میں انسانی قدروں کو پروان چڑھانے کے لئے ہمسفر کے ریڈیو پروگرام میں جو مؤثر بات کی جاتی ہے، اس کی وجہ سے یہ پروگرام کشمیر کے لاکھوں لوگوں کا ہردلعزیز (Most Popular program of RK) ریڈیو پروگرام بن گیا ہے، یہ پروگرام گھر گھر کی آواز بن گیا ہے، اور اس پروگرام سے سامعین اپنی اصلاح کے ساتھ ساتھ روحانی تسکین بھی حاصل کرتے ہیں۔

سماج کے لئے اتنے مفید اور اِصلاحی پروگرام کی اہمیت متعلقہ حکام کی نظروں میں اتنی سی ہے، کہ زونہ ڈب جیسے پرانے افسانے کی خاطر ہمسفر جیسے زبردست عوامی مقبولیت کے حامل پروگرام کا گلا گھونٹ (Gag) دیا جائے، افسوس اور صد افسوس۔


جاری کردہ: جنرل سیکریٹری (لطیف احمد)، محمد عمران میر اور منظور احمد ہارو (انچارج دفتر ہمسفر)

ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کاک سرائے سرینگر

فون نمبرات 9419439786, 9596529820, 946903808


Aftab (14/March/2013)

# SRINAGAR TIMES 14 MARCH 2013

## ریڈیو پروگرام ہمسفر بند ہو رہا ہے اس کے بدلے پرانا ذونہ ڈب پروگرام نشر ہو رہا ہے

ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کاک سرائے سرینگر کا سپانسر کردہ ریڈیو پروگرام ہمسفر جو ہر جمعہ کو صبح 8:30 بجے ریڈیو کشمیر سرینگر سے نشر کیا جاتا ہے، کو اگلے ماہ اپریل 2013ء سے بند کیا جا رہا ہے۔ اب ریڈیو کشمیر اس کی جگہ ایک پُرانا افسانہ زونہ ڈب چلنا چاہتا ہے۔ جس میں ریڈیو کشمیر سرینگر کے موجودہ اسٹیشن ڈائریکٹر مسٹر بشیر عارف نے 'نذیر لالہ' کا رول نبھایا ہے۔ زونہ ڈب کو ہفتے میں چھے دن لگاتار صبح کے ساڑھے آٹھ بجے چلانے کا شیڈول بنایا گیا ہے۔

اس بارے میں اتنا ہی کہنا چاہتے ہیں۔ کہ شادی بیاہ کو سہل اور آسان بنانے، ازدواجی زندگی کو پر سکون اور خوشگوار بنانے کیلئے شادی بیاہ سے جہیز کا لین دین، فضول خرچی اور نام نمود کو ختم کرنے کیلئے، دختر کشی، رشوت خوری اور حرام خوری جیسے جرائم کی حوصلہ شکنی کرنے کیلئے، سماج سے بے راہ روی اور بداخلاقی کو دور کرنے کیلئے، معاشرے کے جوانوں میں حیا اور پاکدامنی کو اپنانے کی ترغیب دینے کیلئے، مظلوم خواتین کو انصاف دلانے کیلئے، والدین، ساس سسر اور بڑی عمر کے لوگوں کو احترام کرنے کی ترغیب دینے کیلئے، حاملہ عورتوں اور بچوں کے حقوق کو اُجاگر کرنے کیلئے اور سماج میں انسانی قدروں کو پروان چڑھانے کیلئے ہمسفر کے ریڈیو پروگرام میں جو موثر بات کی جاتی ہے۔ اس کی وجہ سے یہ پروگرام کشمیر کے لاکھوں لوگوں کا ہر دلعزیز ریڈیو پروگرام بن گیا ہے۔ یہ پروگرام گھر گھر کی آواز بن گیا ہے اور اس پروگرام سے سامعین اپنی اصلاح کے ساتھ ساتھ روحانی تسکین بھی حاصل کرتے ہیں۔

سماج کیلئے اتنے مفید اور اصلاحی پروگرام کی اہمیت مسٹر بشیر عارف کی نظروں میں صرف اتنی ہے، کہ زونہ ڈب جیسے پرانے افسانے کی خاطر ہمسفر جیسے جدید عوامی مقبولیت کے حامل پروگرام کو رد کیا جائے۔

بذریعہ۔ لطیف احمد: جنرل سیکریٹری۔

محمد عمران میر اور منظور احمد ہارو انچارج دفتر۔ ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کاک سرائے سرینگر

فون نمبرات 9419439786, 9596529820, 9469038081

**GREATER KASHMIR 14 MARCH 2013**

## THE ESTEEMED RECTOR OF

# Darul-Uloom Raheemiyyah Bandipora bereaved

# IDC CONDOLES THE DEMISE

The respected mother-in-law of Hazrat Maulana Muhammad Rahmatullah Sahib Qasmi *Daamat-Barakatuhum*, the esteemed rector of Darul-Uloom Raheemiyyah Bandipora, passed away on 11 March Monday evening 2013. The sad news came as a sudden shock to the Islamic Da'wah Centre (IDC) Chattabal here.

In this connection, a condolence meeting was held at IDC that was presided over by the Director IDC, Jenab Fayyaz Ahmad Zarroo Sahib in which all the members of IDC, all incumbents of the satellite office of IDC, that is, Humsafar Marriage Counselling Cell Kak-Sarai Srinagar and the members of its sister concern, Darul-Uloom Muhammadiyyah Chattabal participated. The participants of this condolence meeting expressed their grief on the sad demise of this noble lady and extended condolences and deepest sympathies to Hazrat Maulana Muhammad Rahmatullah Sahib Qasmi *Daamat-Barakatuhum* and to the bereaved family. The Director IDC prayed to Allah Almighty to admit the deceased lady to Jannatul-Firdaws without asking her to present an account of her deeds.

**ISSUED BY: GENERAL SECRETARY (LATEEF AHMAD)**

**Islamic Da'wah Centre (IDC) Bagh-e-Sunder Bala Chattabal Srinagar. Phone: 2481067**

**DATE OF ISSUANCE: 12-03-2013**

(Greater Kashmir 14/March/2013)

**KASHMIR TIMES 14 MARCH 2013**

# مقبول عام ریڈیو پروگرام ہمسفر کو بند کیا جا رہا ہے

# اس کے بدلے پرانا افسانہ (زونہ ڈب) نشر کیا جا رہا ہے

## سٹیشن ڈائریکٹر مسٹر بشیر عارف کا 'شاندار' کارنامہ

یہ خبر بہت ہی زیادہ افسوس کے ساتھ دی جاتی ہے، کہ ہمسفر میریج کونسلنگ سیل کاک سرائے سرینگر کا سپانسر کردہ **(sponsored)** ریڈیو پروگرام ہمسفر **Humsafar** جو ہر جمعہ کو صبح کے **8:30** بجے ریڈیو کشمیر سرینگر سے نشر کیا جاتا ہے، اس کو اگلے ماہ یعنی اپریل **2013** ء سے بند کیا جا رہا ہے۔ کیوں کہ ریڈیو کشمیر کو اس کی جگہ پر ایک پُرانا افسانہ **(Old Age Fiction)**: زونہ ڈب کو چلانا ہے۔ جس میں ریڈیو کشمیر سرینگر کے موجودہ سٹیشن ڈائریکٹر مسٹر بشیر عارف نے 'نذیر لالہ' کا رول نبھایا ہے۔ زونہ ڈب کے پرانے افسانے کو ہفتے میں چھے دن لگاتار صبح کے ساڑھے آٹھ بجے چلانے کا شیڈول بنایا گیا ہے۔

اس بارے میں ہم ابھی اتنا ہی کہنا چاہتے ہیں۔ کہ شادی بیاہ کو سہل اور آسان بنانے کے لئے، ازدواجی زندگی کو پرسکون اور خوشگوار بنانے کے لئے، شادی بیاہ سے جہیز کا لین دین، فضول خرچی اور نام نمود کو ختم کرنے کے لئے، دختر کشی، رشوت خوری اور حرام خوری جیسے جرائم کی حوصلہ شکنی کرنے کے لئے، سماج سے بے راہ روی اور بداخلاقی کو دور کرنے کے لئے، معاشرے کے جوانوں میں حیا اور پاکدامنی کو اپنانے کی ترغیب دینے کے لئے، مظلوم خواتین کو انصاف دلانے کے لئے، والدین، ساس سسر اور بڑی عمر کے لوگوں کو احترام کرنے کی ترغیب دینے کے لئے، حاملہ عورتوں اور بچوں کے حقوق کو اجاگر کرنے کے لئے اور سماج میں انسانی قدروں کو پروان چڑھانے کے لئے ہمسفر کے ریڈیو پروگرام میں جو مؤثر بات کی جاتی ہے، اس کی وجہ سے یہ پروگرام کشمیر کے لاکھوں لوگوں کا ہر دلعزیز **(Most Popular program of RK)** ریڈیو پروگرام بن گیا ہے، یہ پروگرام گھر گھر کی آواز بن گیا ہے، اور اس پروگرام سے سامعین اپنی اصلاح کے ساتھ ساتھ روحانی تسکین بھی حاصل کرتے ہیں۔

سماج کے لئے اتنے مفید اور اِصلاحی پروگرام کی اہمیت مسٹر بشیر عارف کی نظروں میں بس اتنی سی ہے، کہ زونہ ڈب جیسے پرانے افسانے کی خاطر ہمسفر جیسے زبردست عوامی مقبولیت کے حامل پروگرام کا گلا گھونٹ **(Gag)** دیا جائے، افسوس اور صد افسوس۔

**جاری کردہ:** جنرل سیکریٹری (لطیف احمد)

محمد عمران میر اور منظور احمد ہارو (انچارج دفتر ہمسفر)

ہمسفر میریج کونسلنگ سیل کاک سرائے سرینگر

فون نمبرات **9419439786, 9596529820, 9469038081**

Kashmir Times
14/March/2013

**RISING KASHMIR 14 MARCH 2013**

# مقبول عام ریڈیو پروگرام ہمسفر کو بند کیا جارہا ہے

## اس کے بدلے پرانا افسانہ (زونہ ڈب) نشر کیا جارہا ہے

## سٹیشن ڈائریکٹر مسٹر بشیر عارف کا 'شاندار' کارنامہ

یہ خبر بہت ہی زیادہ افسوس کے ساتھ دی جاتی ہے، کہ ہمسفر میریج کونسلنگ سیل کاک سرائے سرینگر کا سپانسر کردہ (sponsored) ریڈیو پروگرام ہمسفر Humsafar جو ہر جمعہ کو صبح کے 8:30 بجے ریڈیو کشمیر سرینگر سے نشر کیا جاتا ہے، اس کو اگلے ماہ یعنی اپریل 2013ء سے بند کیا جارہا ہے۔ کیوں کہ ریڈیو کشمیر کو اس کی جگہ پر ایک پُرانا افسانہ (Old Age Fiction): زونہ ڈب کو چلانا ہے۔ جس میں ریڈیو کشمیر سرینگر کے موجودہ سٹیشن ڈائریکٹر مسٹر بشیر عارف نے 'نذیر لالہ' کا رول نبھایا ہے۔ زونہ ڈب کے پرانے افسانے کو ہفتے میں چھے دن لگا تار صبح کے ساڑھے آٹھ بجے چلانے کا شیڈول بنایا گیا ہے۔

اس بارے میں ہم ابھی اتنا ہی کہنا چاہتے ہیں۔ کہ شادی بیاہ کو سہل اور آسان بنانے کے لئے، ازدواجی زندگی کو پرسکون اور خوشگوار بنانے کے لئے، شادی بیاہ سے جہیز کا لین دین، فضول خرچی اور نام نمود کو ختم کرنے کے لئے، دختر کشی، رشوت خوری اور حرام خوری جیسے جرائم کی حوصلہ شکنی کرنے کے لئے، سماج سے بے راہ روی اور بداخلاقی کو دور کرنے کے لئے، معاشرے کے جوانوں میں حیا اور پاکدامنی کو اپنانے کی ترغیب دینے کے لئے، مظلوم خواتین کو انصاف دلانے کے لئے، والدین، ساس سسر اور بڑی عمر کے لوگوں کو احترام کرنے کی ترغیب دینے کے لئے، حاملہ عورتوں اور بچوں کے حقوق کو اجاگر کرنے کے لئے اور سماج میں انسانی قدروں کو پروان چڑھانے کے لئے ہمسفر کے ریڈیو پروگرام میں جو مؤثر بات کی جاتی ہے، اس کی وجہ سے یہ پروگرام کشمیر کے لاکھوں لوگوں کا ہر دلعزیز (Most Popular program of RK) ریڈیو پروگرام بن گیا ہے، یہ پروگرام گھر گھر کی آواز بن گیا ہے، اور اس پروگرام سے سامعین اپنی اصلاح کے ساتھ ساتھ روحانی تسکین بھی حاصل کرتے ہیں۔

سماج کے لئے اتنے مفید اور اصلاحی پروگرام کی اہمیت مسٹر بشیر عارف کی نظروں میں بس اتنی سی ہے، کہ زونہ ڈب جیسے پرانے افسانے کی خاطر ہمسفر جیسے زبردست عوامی مقبولیت کے حامل پروگرام کا گلا گھونٹ (Gag) دیا جائے، افسوس اور صد افسوس۔

جاری کردہ: جنرل سیکریٹری (لطیف احمد)

محمد عمران میر اور منظور احمد ہارو (انچارج دفتر ہمسفر)

ہمسفر میریج کونسلنگ سیل کاک سرائے سرینگر

فون نمبر: 9419439786, 9596529820, 9469038081

10726

Rising Kashmir (14/march/2013)

# GREATER KASHMIR 24 MARCH 2013

# حلال روزگار کی برکتیں اور حرام کمائی کی نحوستیں

## ہمسفر ریڈیو پروگرام کی روشنی میں

مقبول عام اور ہردلعزیز ریڈیو پروگرام ہمسفر میریج کونسلنگ سیل جو ہر جمعہ کو ریڈیو کشمیر سرینگر سے صبح کے 8:30 بجے نشر ہوتا ہے، جس کے پرڈیوسر اور ڈائریکٹر جناب سلیم اعجاز کپر اصاحب ہیں۔اس پروگرام میں محترم فیاض احمد زرو صاحب نے 22، مارچ 2013ء کے شمارے میں فرمایا:

زندگی میں اپنے لئے اور اپنے عیال کے لئے حلال روزی کمانا ایک ایسا شاندار عمل ہے، جس کے لئے فرمایا گیا ہے کہ حلال روزگار کمانا اللہ تعالیٰ کے بندوں پر فرض کے بعد فرض ہے۔ایک ہے زندگی کا اصل مقصد، وہ ہے اللہ تعالیٰ کی عبادت کرنا۔اور ایک ہے زندگی کی ضرورت۔وہ ہے حلال روزگار کا حصول۔یہ بات یاد رکھنا بہت ضروری ہے کہ حلال روزگار حاصل کرنے میں اتنا زیادہ مشغول ہونا کہ اسی کو زندگی کا اصل مقصد سمجھا جانے لگے، اور فرض عبادات سے لاپرواہی ہونے لگے، بہت غلط بات ہے۔ایک خاتون کا شوہر ڈاکٹر تھا، وہ دن بھر مریضوں کو دیکھنے اور علاج ومعالجہ کرنے میں اتنا مشغول رہتا تھا کہ دن کی نمازیں وہ ادا نہیں کرتا تھا۔ایک روز اس کی اہلیہ نے اس سے پوچھا کہ وہ دن کی نمازیں اپنے وقت پر ادا کیوں نہیں کرتے ہیں۔شوہر نے کہا کہ وہ مریضوں کی خدمت میں لگے رہتے ہیں، اور مریضوں کی خدمت کر کے اپنا روزگار کمانا بھی عبادت ہے۔اس پر اس کی اہلیہ نے کہا کہ انہوں نے یہ معاملہ صحیح نہیں سمجھا ہے، لہٰذا کسی عالم دین کے پاس جا کر اس معاملے کی صحیح صورت حال سمجھنا ضروری ہے۔

پھر ایک عالم دین نے ڈاکٹر کو سمجھا دیا کہ نماز اپنے وقت پر ادا کرنا مریضوں کا علاج کر کے حلال روزگار کمانا جیسی عبادت سے بھی بڑھ کر اور اس سے بھی زیادہ اہم عبادت ہے۔اور حصول روزگار جیسی زندگی کی ایک ضرورت میں اتنا مشغول ہونا کہ اللہ تعالیٰ کی عبادت اپنے وقت پر ادا کرنا چھوٹ جائے، شریعت میں ایک بہت بڑا جرم قرار دیا گیا ہے۔ حضرت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی دعاؤں میں سے ایک دعا میں فرمایا گیا ہے، کہ اے اللہ: دنیا کمانے کا غم ہمارا سب سے بڑا غم نہیں ہونا چاہئے۔پھر حلال کمائی کی بہت ساری برکتیں اور کئی فائدے ہیں۔جبکہ حرام کمائی کے بڑے بڑے نقصانات، خرابیاں اور نحوستیں ہیں۔حرام غذا کھانے سے عبادتیں اور دعائیں قبول نہیں ہوتیں۔حرام غذا پر پلنے والے بچے والدین کے نافرمان اور شریر بنتے ہیں۔گھر میں حرام کمائی لانے سے گھر کا سکون ختم ہوجاتا ہے، اور زندگی کی اصل راحتوں سے ہاتھ دھونا پڑتا ہے۔اور آخرت میں حرام کھانے والوں کو جہنم کی آگ پیٹوں کے اندر بھر دی جائے گی، اللہ تعالیٰ کی پناہ۔

یہ ایک عجیب بات ہے کہ لوگ چند ہی حرام چیزوں کو حرام سمجھتے ہیں، مثلاً سودی پیسہ، رشوت کا پیسہ، جوے سے حاصل شدہ پیسہ، اور ان سے پرہیز کرنے کی کوشش بھی کرتے ہیں۔جبکہ گھروں کے اندر اور بھی کئی چیزیں حرام کمائی کی ہوتی ہیں۔مثال کے طور پر گھر والے نلکوں سے آنے والا پانی خوب استعمال کرتے ہیں، مگر اس کی فیس ادا نہیں کرتے۔اسی طرح گھروں میں بجلی بھی خوب خرچ کی جاتی ہے، مگر اس کی پوری فیس بجلی دینے والوں کو ادا نہیں کرتے۔اس طرح سے جو پیسہ بچایا جاتا ہے، وہ بھی حرام ہے۔اپنی ازدواجی زندگی کو اور اپنے گھروں کو حرام مال اور حرام کمائی کی نحوستوں سے بچانے کے لئے گھر کی خواتین پر یہ ایک اہم ذمہ داری عائد ہوتی ہے، کہ وہ اپنے مرد حضرات کو حرام کمائی سے اور گھر میں حرام مال جمع کرنے سے باز رکھیں۔دنیا کے نقصانات کے ساتھ ساتھ آخرت کے سخت عذاب کو بھی یاد کریں۔حلال کمائی سے اپنی زندگی کو بابرکت بنائیں۔

**جاری کردہ: مفتی نورالدین، نوگام بائی پاس۔فون نمبر: +918803486815**

(Greater Kashmir
24/March/2013)

**GREATER KASHMIR 28 MARCH 2013**

# ہمسفر ریڈیو پروگرام

# مضمون نویسی کا مقابلہ

## Essary Competition

مورخہ 29 مارچ ۲۰۱۳ء کو ہمسفر ریڈیو پروگرام کا جو شمارہ ریڈیو کشمیر سرینگر سے صبح کے 8.30 بجے نشر ہورہا ہے جس میں جہیز (Dowry) کے لین دین کے بارے میں گفتگو ہوگی۔ اس پر خواتین کیلئے مضمون نویسی کا مقابلہ ہوگا۔ اس بارے میں مذید تفصیلات 30 مارچ سنیچر وار ۲۰۱۳ء کے روزنامہ گریٹر کشمیر میں شائع کی جائیگی۔

جاری کردہ: جنرل سیکرٹری (لطیف احمد)

ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کاک سرائے سرینگر

9419439786

Greater Kashmir (28/March/2013)

# AFTAB 29 MARCH 2013

# حلال روزگار کی برکتیں اور حرام کمائی کی نحوستیں

## ہمسفر ریڈیو پروگرام کی روشنی میں

مقبول عام اور ہر دلعزیز ریڈیو پروگرام ہمسفر میرج کونسلنگ سیل جو ہر جمعہ کو ریڈیو کشمیر سرینگر سے صبح کے 8:30 بجے نشر ہوتا ہے، جس کے پرڈیوسر اور ڈائریکٹر جناب سلیم اعجاز کپر اصاحب ہیں۔اس پروگرام میں محترم فیاض احمد زرو صاحب نے22، مارچ2013ء کے شمارے میں فرمایا: زندگی میں اپنے لئے اور اپنے عیال کے لئے حلال روزی کمانا ایک ایسا شاندار عمل ہے، جس کے لئے فرمایا گیا ہے کہ حلال روزگار کمانا اللہ تعالیٰ کے بندوں پر فرض کے بعد فرض ہے۔ایک ہے زندگی کا اصل مقصد، وہ ہے اللہ تعالیٰ کی عبادت کرنا۔اور ایک ہے زندگی کی ضرورت۔وہ ہے حلال روزگار کا حصول۔یہ بات یادرکھنا بہت ضروری ہے کہ حلال روزگار حاصل کرنے میں اتنا زیادہ مشغول ہونا کہ اسی کو زندگی کا اصل مقصد سمجھا جانے لگے، اور فرض عبادات سے لاپرواہی ہونے لگے، بہت غلط بات ہے۔ایک خاتون کا شوہر ڈاکٹر تھا، وہ دن بھر مریضوں کو دیکھنے اور علاج ومعالجہ کرنے میں اتنا مشغول رہتا تھا کہ دن کی نمازیں وہ ادا نہیں کرتا تھا۔ایک روز اس کی اہلیہ نے اس سے پوچھا کہ وہ دن کی نمازیں اپنے وقت پر ادا کیوں نہیں کرتے ہیں۔شوہر نے کہا کہ وہ مریضوں کی خدمت میں لگے رہتے ہیں، اور مریضوں کی خدمت کرکے اپنا روزگار کمانا بھی عبادت ہے۔اس پر اس کی اہلیہ نے کہا کہ انہوں نے یہ معاملہ صحیح نہیں سمجھا ہے، لہٰذا کسی عالم دین کے پاس جاکر اس معاملے کی صحیح صورت حال سمجھنا ضروری ہے۔پھر ایک عالم دین نے ڈاکٹر کو سمجھا دیا کہ نماز اپنے وقت پر ادا کرنا مریضوں کا علاج کرکے حلال روزگار کمانا جیسی عبادت سے بھی بڑھ کر اور اس سے بھی زیادہ اہم عبادت ہے۔اور حصول روزگار جیسی زندگی کی ایک ضرورت میں اتنا مشغول ہونا کہ اللہ تعالیٰ کی عبادت اپنے وقت پر ادا کرنا چھوٹ جائے، شریعت میں ایک بہت بڑا جرم قرار دیا گیا ہے۔حضرت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی دعاؤں میں سے ایک دعا میں فرمایا گیا ہے، کہ اے اللہ: دنیا کمانے کا غم ہمارا سب سے بڑا غم نہیں ہونا چاہئے۔پھر حلال کمائی کی بہت ساری برکتیں اور کئی فائدے ہیں۔جبکہ حرام کمائی کے بڑے بڑے نقصانات، خرابیاں اور نحوستیں ہیں۔حرام غذا کھانے سے عبادتیں اور دعائیں قبول نہیں ہوتیں۔حرام غذا پر پلنے والے بچے والدین کے نافرمان اور شریر بنتے ہیں۔گھر میں حرام کمائی لانے سے گھر کا سکون ختم ہوجاتا ہے، اور زندگی کی اصل راحتوں سے ہاتھ دھونا پڑتا ہے۔اور آخرت میں حرام کھانے والوں کو جہنم کی آگ پیٹوں کے اندر بھر دی جائے گی، اللہ تعالیٰ کی پناہ۔یہ ایک عجیب بات ہے کہ لوگ چند ہی حرام چیزوں کو حرام سمجھتے ہیں، مثلاً سودی پیسہ، رشوت کا پیسہ، جوے سے حاصل شدہ پیسہ، اور ان سے پرہیز کرنے کی کوشش بھی کرتے ہیں۔جبکہ گھروں کے اندر اور بھی کئی چیزیں حرام کمائی کی ہوتی ہیں۔مثال کے طور پر گھر والے نلکوں سے آنے والا پانی خوب استعمال کرتے ہیں، مگر اس کی فیس ادا نہیں کرتے۔اسی طرح گھروں میں بجلی بھی خوب خرچ کی جاتی ہے، مگر اس کی پوری فیس بجلی دینے والوں کو ادا نہیں کرتے۔اس طرح سے جو پیسہ بچایا جاتا ہے، وہ بھی حرام ہے۔اپنی ازدواجی زندگی کو اور اپنے گھروں کو حرام مال اور حرام کمائی کی نحوستوں سے بچانے کے لئے گھر کی خواتین پر یہ ایک اہم ذمہ داری عائد ہوتی ہے، کہ وہ اپنے مرد حضرات کو حرام کمائی سے اور گھر میں حرام مال جمع کرنے سے باز رکھیں۔دنیا کے نقصانات کے ساتھ ساتھ آخرت کے سخت عذاب کو بھی یاد کریں۔حلال کمائی سے اپنی زندگی کو بابرکت بنائیں۔

جاری کردہ: مفتی نورالدین، نوگام بائی پاس۔فون نمبر +918803486815

## GREATER KASHMIR 31 MARCH 2013

Office of the

# Humsafar Marriage Counselling Cell (HMCC)

## ہمسفر ریڈیو پروگرام

# مضمون نویسی کا مقابلہ

## (Essay Competition)

شادی بیاہ میں جہیز کا مطالبہ (Dowry Demand) جیسے غیر شرعی اور غیر قانونی کام کے بارے میں جو گفتگو ہمسفر ریڈیو پروگرام کے شمارے میں 29 مارچ جمعۃ المبارک 2013ء کو محترم فیاض احمد زرو صاحب دامت برکاتہم نے ریڈیو کشمیر سرینگر پر صبح کے 8:30 بجے فرمائی، اس پر وادی کشمیر کی لڑکیوں اور خواتین کو مضمون (Essay) لکھنے کی دعوت دی جاتی ہے۔ مضمون میں یا تو وہی کلام اور باتیں لکھیں، جو ریڈیو پروگرام میں بیان ہوئی ہیں، یا اس کا خلاصہ لکھیں، یا پروگرام میں بیان ہوئی باتوں کے علاوہ مضمون میں اپنی طرف سے مزید وضاحت اور تاثرات لکھیں۔

اپنا مضمون کشمیری میں یا اُردو میں یا عربی میں اور یا انگریزی زبان میں لکھیں۔ فقط انگریزی زبان میں تیار کیا گیا مضمون ٹائپ یا کمپیوٹر پر لکھا ہوا ہونا لازمی قرار دیا گیا ہے۔ مضمون کے شروع میں یا مضمون کے آخر پر اپنا پورا نام اور پورا پتہ لکھیں۔ مضمون نویسی کے اس مقابلے میں پہلے تین درجوں پر آنے والے مضامین کی مؤلفات (Authors) کو انعامات سے نوازا جائے گا، اور باقی مضامین کی مؤلفات کی بھی حوصلہ افزائی کی جائے گی۔ مضمون کی وصولی (Receive) 31 مارچ اتوار 2013ء سے 4، اپریل جمعرات 2013ء کو سہ پہر چار بجے تک ہوگی۔ اپنا مضمون ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کے دفتر واقع کاک سرائے سرینگر پر جمع کرائیں۔ مضمون جمع کرانے کا وقت صبح کے 10:00 بجے سے دوپہر 12:30 بجے تک، پھر دن کے 2:00 بجے سے سہ پہر 4:00 بجے تک مقرر کیا گیا ہے۔

جاری کردہ: انچارج دفتر: محمد عمران اور منظور احمد ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کاک سرائے سرینگر ۔فون نمبر: 9419439786

Greater Kashmir
31/March/2013